Comune di Bologna

یونین کونسل ، بولونیا

COMUNE DI BOLOGNA

Richiedere l'iscrizione nello schedario della popolazione temporanea

عارضی رہائش پذیر افراد کے رجسٹریشن کی درخواست کیسے کریں؟

اگر آپ اٹلی کے کسی اور شہر میں رہائش پذیر ہیں یا بیرون ملک سے آئے ہیں، چاہے آپ کی شہریت کچھ بھی ہو، آپ عارضی رہائشی فہرست میں شامل ہو سکتے ہیں اگر آپ بولونیا میں کم از کم چار ماہ سے رہائش پذیر ہیں۔
اگر آپ بیرون ملک سے آئے ہیں اور یورپی ملک کی شہریت رکھتے ہیں، تو آپ عارضی رہائشی فہرست میں شامل ہو سکتے ہیں اگر بولونیا میں کم از کم تین ماہ سے رہ رہے ہیں۔

عارضی رہائش نامہ کی فہرست میں شامل ہونے سے آپ کو کوئی سرٹیفیکیٹ یا شناختی کارڈ جاری نہیں کیا جائے گا ۔

"Come fareطریقۂ کار

رہائش کی رجسٹریشن کے لیے آپ کو آن لائن فارم پُر کرنا ہوگا، اور ضرورت کے مطابق دستاویزات بھی جمع کرانی ہوں گی

Cosa serve طریقۂ

:ضروری دستاویزات ضرورت کے مطابق مختلف ہو سکتی ہیں۔
اگر آپ کے پاس اطالوی شہریت یا یورپی یونین کی کسی ملک کی شہریت ہے اور آپ اٹلی کے کسی شہر میں رہائش پذیر ہیں تو ایک درست شناختی - دستاویز کافی ہے۔
اگر آپ کے پاس غیر یورپی یونین ملک کی شہریت ہے تو آپ کو پاسپورٹ اور رہائش کا قانونی اجازت نامہ (پرمٹ) یا جاری شدہ رہائش کا دستاویز - چاہیے۔
اگر آپ کا رہائش کا اجازت نامہ ختم ہو چکا ہے تو تجدید کی درخواست کی رسید بھی پیش کرنا ہوگی۔ -

اگر آپ غیر یورپی یونین ملک کی شہریت رکھتے ہیں اور اٹلی کے کسی شہر میں رہائش پذیر ہیں تو درست رہائش کا اجازت نامہ پیش کرنا ہوگا، اور - اگر اجازت نامہ ختم ہو چکا ہو تو تجدید کی درخواست کی رسید بھی لازمی ہے۔

اگر آپ یورپی یونین کی شہریت رکھتے ہیں لیکن اٹلی کے کسی شہر میں رہائش پذیر نہیں ہیں، تو پاسپورٹ یا اسی نوعیت کا دستاویز اور قانون کے - مطابق اہل ہونے کی تصدیق شدہ درخواست درکار ہوگی۔

:مزید برآں، حالات کے مطابق درج ذیل دستاویزات ضروری ہیں

:اگر آپ ملازمت کرتے ہیں -

اگر آپ کسی جگہ ملازمت کرتے ہیں تو ملازمت کا معاہدہ، ٹیکس ادا کرنے کی رسیدیں، اور آخری تنخواہ کی رسید جمع کرائیں۔ اگر آپ خود مختار کام کر رہے ہیں تو پیشہ ورانہ ادارے میں رجسٹریشن کا ثبوت پیش کریں۔

:اگر آپ کام نہیں کرتے -

ایسی دستاویزات جو یہ ظاہر کریں کہ آپ یا آپ کے اہل خانہ کے پاس کافی مالی وسائل ہیں تاکہ آپ سرکاری مدد پر منحصر نہ ہوں (قانونی حدود کے مطابق)، یا خود تصدیقی فارم بھر کر یورپی صحت کارڈ یا متعلقہ سرکاری فارم جمع کروائیں۔

اگر آپ طالب علم ہیں یا پیشہ ورانہ تربیت حاصل کر رہے ہیں -

تعلیمی ادارے میں داخلے کی خود تصدیق شدہ دستاویزات، مالی وسائل سے متعلق دستاویزات، داخلہ فارم اور یورپی صحت کے فارم جمع کروائیں۔

جب آپ فارم جمع کرواتے ہیں تو آپ کو وصولی کی اطلاع اور درخواست کا پروٹوکول نمبر ملے گا۔

بعد میں رجسٹریشن دفتر "کارروائی شروع کرنے کی اطلاع" بھیجے گا، جو آپ دیگر ضروری کاموں کے لیے استعمال کر سکتے ہیں (مثلاً پارکنگ کی درخواست کے لیے)۔

تصدیق کے بعد آپ کو ایک دستاویز دی جائے گی۔

.

مزید معلومات:

- اگر آپ کے پاس یورپی یونین کی شہریت ہے اور آپ نے بولونیا کے عارضی رہائشی ریکارڈ میں اندراج کروایا ہے، تو آپ عارضی رہائش کا سرٹیفکیٹ بھی مانگ سکتے ہیں۔

- بولونیا کا میونسپلٹی سال میں کم از کم ایک بار عارضی رہائشی ریکارڈ کی جانچ کرتا ہے۔ اگر آپ اب بھی اس عارضی رہائش کے لیے اہل ہیں تو اپنی حیثیت ثابت کرنے والی دستاویزات پیش کریں۔

رابطے اور معلومات:

- آن لائن اندراج اور تجدید کے فارم یہاں دستیاب ہیں:

https://www.comune.bologna.it/servizi/anagrafe-stato-civile/schedario-residenza-temporanea

- معلومات کے لیے فون نمبر: 051.2193400

- دفتر کے اوقات اور اپوائنٹمنٹ کے لیے:

https://informazioni.comune.bologna.it/uffici-comunali-prossimita